## کوئٹہ میں اے این پی کے جلسہ میں بم دھماکہ کی مذمت کرتے ہیں، جناب الطاف حسین

## بم دھماکے کے نتیجے میں اے این پی کے رہنما، کارکنان کی شہادت اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر اظہار افسوس

## اے این پی کی قیادت، رہنماؤں، کارکنوں اور شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار

لندن۔۔۔13، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کوئٹہ میں عوامی نیشنل پارٹی کے کچراک کے علاقے میں منعقدہ جلسہ میں بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکے میں اے این پی کے، رہنما، کارکنان کی شہادت اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بم دھماکے میں ملوث دہشت گرد ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنا چاہتے ہیں اور ایسے سفاک دہشت گرد کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔انہوں نے عوامی نیشنل پارٹی کی قیادت، رہنماؤں، کارکنوں اور بم دھماکے میں شہید ہونے والے تمام افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے اور زخمیوں کو جلد و مکمل صحت یابی عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ بلوچستان نواب اسلم رئیسانی سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ کے علاقے کچراک میں بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے۔

## خیبر پختونخواہ سے تعلق رکھنے والے ملک کی معروف مذہبی جماعت کے سرکردہ رہنماؤں اپنے ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

## سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن زاہد ملک کے ہمراہ ڈیرہ اسماعیل خان زونل آفس میں پریس کانفرنس

ڈیرہ اسماعیل خان:۔۔۔13، جولائی 2012ء

خیبر پختونخواہ سے تعلق رکھنے والے ملک کی معروف مذہبی جماعت کے رہنماؤں سینئر نائب صدر فقیر شیر محمد، ڈیرہ اسماعیل خان کے ڈویژنل صدر مفتی غلام یحییٰ، ضلعی جنرل سیکریٹری امان اللہ خان پٹھان، قاری صوبیدار تحصیل صدر قاری محمد یعقوب، تحصیل صدر سید چن شاہ، شیخ ہارون رشید، صاحبزادہ محمد ذیشان اور عطااللہ خان نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم ڈیرہ اسماعیل خان زون میں ایم کیوایم کی سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن محمد زاہد ملک کے ہمراہ پریس کانفرنس سے اپنے خطاب میں کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج زاہد ملک، ارکان محمد حنیف، رحمان خیل، رحمت علی، ڈیرہ اسماعیل خان کے قائم مقام زونل انچارج زبیر راجپوت واراکین زونل کمیٹی اور تحصیل کمیٹی کے عہدیداران بھی موجود تھے۔قبل ازیں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے زاہد ملک نے کہا کہ نظریہ الطاف ملک میں انقلاب کی نوید بن کر طلوع ہورہا ہے اور یہی وجہ ہے کہ لوگ جوق در جوق ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد و منظم ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جو 98 فیصد غریب و متوسط طبقے کے عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہے ہیں اور ان کیلئے سوچتے ہیں اور انہیں حق حکمرانی دلانا چاہتے ہیں۔انہوں نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے تمام افراد کا دل کی گہرائیوں سے خیر مقدم کیا اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ جناب الطاف حسین کے پیغام کو مزید آگے بڑھانے کیلئے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال کرینگے۔

## متحدہ سوشل فورم کے زیراہتمام شہنشاہِ غزل مہدی حسن مرحوم کی یاد میں سٹی آڈیٹوریم (شانزے) میں تقریب منعقد ہوگی

## تقریب میں مرحوم کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا اور ملک کے نامور فنکار مرحوم کی فنی خدمات پر روشنی ڈالیں گے

کراچی۔۔۔13، جولائی 2012ء

متحدہ سوشل فورم کے زیراہتمام شہنشاہِ غزل مہدی حسن مرحوم کی یاد میں 14 جولائی بروز ہفتہ کو شام 5 بجے سٹی آڈیٹوریم (شانزے) فیڈرل بی ایریا بلاک نمبر 7 میں تقریب منعقد ہوگی جس میں ملک کے نامور فنکار اور دانشور مہدی حسن مرحوم کی فنی خدمات پر روشنی ڈالیں گے۔متحدہ سوشل فورم کی جانب سے تقریب کے انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے جبکہ تقریب میں شہنشاہِ غزل مہدی حسن مرحوم کو زبردست خراج عقیدت بھی پیش کیا جائے گا۔

## جناب الطاف حسین تمام مظلوم قومیتوں کے عوام میں نفرتوں کا خاتمہ کرکے انہیں ایم کیو ایم کے پلیٹ فارم پر متحد و منظّم کرنا چاہتے ہیں، شاہد لطیف

## گلگت پریس کلب میں صدر امتیاز علی تاج اور پریس کلب کے عہدیداران سے گفتگو

گلگت:۔۔۔13 جولائی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم ایک حق پرست جماعت ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفے پر عمل کرتے ہوئے بلا رنگ و نسل اور بغیر امتیاز مذہب انسانیت کی خدمت کررہی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گلگت پریس کلب میں صدر امتیاز علی تاج اور پریس کلب کے دیگر ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی واحد سیاسی جماعت ہے جس میں تمام مکاتب فکر اور ہر زبان سے تعلق رکھنے والے عوامی کارکنان موجود ہیں اور تحریک کا ایک ایک کارکن قائد تحریک الطاف حسین کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے ہر مشکل حالات کا سامنہ کرنے کیلئے مستقل مزاجی، ثابت قدمی کے ساتھ تیار ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک محترم جناب الطاف حسین پاکستان میں بسنے والی تمام قومیتوں کے مظلوم عوام کے درمیان نفرتوں کا خاتمہ کرکے انہیں متحدہ قومی موومنٹ کے پلیٹ فارم پر متحد و منظّم کرنا چاہتے ہیں۔اس موقع پر ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وحق پرست وزیر پلاننگ راجہ اعظم، رکن صوبائی تنظیمی کمیٹی حسین شاہ، زونل انچارج گلگت اور دیگر بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔

☆☆☆☆☆